ڈائریکٹر پبلک سندھ پولیس آفس

فون 99212639

سال نو کے موقع پر سانحہ اپشاور کے خاندانوں سے اظہار یکجہتی کی جائے۔ ترجمان سندھ پولیس

کراچی 23 دسمبر 2014ء۔ ترجمان سندھ پولیس نے شہریوں سے کہا ہیکہ سال نو کے موقع شہدائے اپشاور کے خاندانوں سے اظہار یکجہتی اور دہشت گردوں کے خلاف سخت کاروائیوں سے عزم مسلسل کا ہے لہذہ شہری سال نو کی مناسبت سے اپنے ہر عمل سے ثابت کریں کہ کسی بھی طور سانحہ اپشاور سے متاثرہ خاندانوں کی دل آزاری نہ ہو۔

ترجمان سندھ پولیس نے دفتر سے جاری ایک اعلامیے میں کہا ہیکہ آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے سندھ پولیس کی جانب سے کمشنر کراچی ایڈمنسٹریٹر سے ایم سی اور سیکریٹری ڈی ایچ اے کراچی کو ایک مکتوب ارسال کیا ہے جس میں کہا گیا ہیکہ اپشاور کے المناک سانحہ کے بعد سے ملک بھر میں سیکیورٹی ریڈ الرٹ ہے۔ پولیس افسران و جوان اہم تنصیبات و دیگر پبلک مقامات پر محکمانہ فرائض کی ادائیگیوں میں مصروف ہیں۔ ترجمان نے اس ضمن میں مزید کہا کہ انٹیلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے ویسے بھی پولیس اور قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں کو الرٹ رکھا گیا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے تحفظ یقینی ہوسکے۔ ترجمان نے کہا کہ مکتوب ارسال کرنیکا مقصد سال نو کی جملہ تقاریب میں سادگی اور اختصار کو یقینی بنانا ہے۔

ترجمان نے کہا کہ اس سلسلے میں شہری خود بھی آگے بڑھ کر پولیس اور قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں سے تعاون کریں اور سال نو کے موقع پر کسی بھی مقام پر تقریب کے انعقاد سے اجتناب برتیں۔ ترجمان نے اس ضمن میں وضاحت کرتے ہوئے کہا ہیکہ سال نو کے موقع پر ہوائی فائرنگ، آتش بازی، بغیر سائلنسر موٹر سائیکل چلانے اور کسی بھی مقام پر تقریب کے انعقاد پر عائد پابندی پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے بصورت دیگر سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی

#